UNIVERSAL LIBRARY
OU_232699
UNIVERSAL LIBRARY

لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ

من تصنیف لطیف تالیف نظیف فاضل اجل عالم بے بدل سید امداد العلی صاحب بہادر آنریری ڈپٹی کلکٹر و مجسٹریٹ کانپور

المسمی بہ

الہوی عن الصراط السوی
بالاستعداد الی السنۃ السنیۃ المصطفویۃ

در سنہ ۱۲۹۶ ہجری

بنظر انتفاع عام و محض برای تقسیم برادران اہل اسلام بلا اخذ قیمت باہتمام شیخ عبد اللہ پرنٹر لسعی وافی

در مطبع سعشلہ طور کانپور طبع گردید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی علمنا الاحکام کما ہی و رفع عنا جہلہا بلطفہ الازلی والصلوۃ والسلام علی رسولہ محمد الذی لنا فیہ اسوۃ حسنۃ وعلی آلہ واصحابہ الذین سیرتہم سنۃ مندوبۃ **اما بعد** سید امداد علی حنفی اکبرآبادی کہتا ہے کہ پہلے اس سے دو رسالہ ایک **نور الہدی** اور دوسرا **امداد السنۃ** بجواب **استفتاء التراویح** تحریر ہوکر مطبوع ہوئی تہی اب مولوی **عبد الرحمن** صاحب رئیس شہر اکبرآباد نے ایک رسالہ مسمی بہ **توضیح السنۃ الہدی** اپنے زعم مین بجواب رسائل مزبورہ قلمبند فرماکے مطبوع کرایا ہرچند اس جہت سے کہ وہ درشتی کلام اور گفتگوی عامیانہ سے مالامال ہے اور دواب اہل علم اوسمین ملحوظ نہین اور غالبًا مضامین اوسکے نافہمی مطالب نور الہدی اور امداد السنۃ سے ناشی ہین اور تحریر اس قسم کی مولوی عبد الرحمن صاحب کے شان کے لائق نہین قابل تسلیم جواب نہین ہے لیکن باین خیال کہ طبائع مختلف ہین اور یہ ضرور نہین کہ جو مطلب ایک دوبار مین کسیکے سمجھ مین نہ آیا ہو وہ پہر کبہی اوسکے سمجھ مین نہ آئی اور بسا وقت باعث درشتی سخن جہل مرکب اور قلت ادراک ہوتی ہے بامید تنبیہ آیندہ یہ جواب اوسکا لکہا گیا اور نام اسکا **امداد الغوی عن الصراط السوی** رکہا گیا **واضح** ہو کہ اول دس اصول لکھے جاتے ہین کہ سمجھدار آدمی بلاحظہ اونکے جواب رسالۂ مولوی عبد الرحمن صاحب کا دے سکتا ہی **اصل اول** یہ ہے کہ سنت لغت مین

یعنی طریقہ کے ہے اور اصطلاح عامہ اصول حنفیہ مین عبارت ہے طریقہ مسلوکہ فی الدین سے غیر اگر ترک اوسکا موجب اسارت اور کراہت ہو تو وہ سنت ہدی اور موکدہ ہے مانند جماعت او اذان اور اقامت وغیرہا کی اور اگر ترک اوسکا موجب اسارت اور کراہت نہو تو وہ سنت زائدہ اور غیر موکدہ ہے اور جس عبادت پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نفلا مواظبت فرمائی ہو ساتھ ترک کے احیانا ترک اوسکا موجب اسارت ہوتا ہے اور انہیں اصولیین حنفیہ کے نزدیک اطلاق سنت کبھی سنت غیر نبی پر بھی آتا ہے پس یہ اطلاق یا بمعنی لغوی ہے لکثرۃ استعمال السنۃ فی الطریقۃ کذا فی شرح المنہاج للاسنوی وفی التلویح والتنازع فی اطلاق السنۃ علی الطریقۃ علی ما ہو المدلول اللغوی والاظہار فی ان المجرد عن القرائن ینصرف فی الشرع الی سنۃ النبی علیہ السلام لمعرف اطاعتی کالطاعۃ ینصرف الی طاعۃ اللہ ورسولہ انتہی یا بمعنی شرعی اور اس تقدیر پر تقسیم سنت مین طرف سنت ہدی اور سنت زوائد کے اگر مقسم عام ہے سنت نبی اور غیر نبی سے تو سنت غیر نبی صلی اللہ علیہ وسلم سنن زوائد مین داخل ہے اور اگر مقسم خاص سنت نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے تو سنت غیر نبی صلعم خارج از قسمین ہے چنانچہ اسیطرف مشیر ہے یہ کلام صاحب تلویح کا والنفل دون سنن الزوائد لانہا صارت طریقۃ مسلوکۃ فی الدین وسیرۃ للنبی صلی اللہ علیہ وسلم بخلاف النفل انتہی کیونکہ اگر مقسم عام ہوتا تو سنت غیر نبی بھی سنت زائدہ ہوتی اور اوسکا سیرۃ للنبی ہونا متصور نہین ہے بہرحال دوران اسارت ترک ساتھ مواظبت نفس نفیس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے جیساکہ مشیر ہے طرف اوسکے کلام امام ابی الیسر کا کہ مذکور ہو چکا ۱۲ اور ہمنے جو کہا ترک سنت غیر نبی کا موجب اسارت ہونا ممنوع ہے مثلا تھا طریقہ حضرت ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا پڑہنا وتر کا پہلے سونے سے اور تھا طریقہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا پڑہنا وتر کا آخر رات مین اور پڑہنا فامضوا کا بجائے فاسعوا کے آیت کریمہ فاسعوا الی ذکر اللہ مین اور تھا طریقہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا پڑہنا سورہ یوسف کا نماز صبح مین جیساکہ یہ سب موطای امام مالک مین مروی ہے اور اسیطرح تھا طریقہ حضرت عمر کا پڑہنا ایک عبارت مخصوصہ کا خطبہ جمعہ مین جیساکہ سنن ابن ماجہ مین مروی ہے

اور ہمارا طریقہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا پڑھنا تسبیح کا بجای سورہ فاتحہ کے دو رکعت اخیرہ فرض میں
جیساکہ مصنف ابن ابی شیبہ مین مروی ہے حالانکہ ترک اسکا ہم کو انمین سے موجب اساءت نہین ہے
اور کوئی کام انمین سے کسیکے نزدیک سنت موکدہ نہین ہے اور مسائل ایسے کہ اونمین مذہب خلفا ہمارا
حنفیہ کو حجت نہین مثلاً مذہب حضرت عمر اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ یہ ہے کہ وطی زوج ثانی ہادم ملو دون طلقات
ثلثہ نہین ہے اور ہمارا ابی حنیفہ اور ابی یوسف برخلاف اسکے یہ ہے کہ وطی زوج ثانی ہادم ما دون ثلثہ ہے
اور عبارات **فقہای حنفیہ** تفسیر سنت مین مختلف ہین **بعض** نے کہاکہ سنت طریقہ مسلوکہ
فی الدین ہے بدون وجوب اور افتراض کے اور **بعض** نے کہاکہ سنت وہ کام ہے جو ثابت ہو
قول یا فعل آنحضرت علیہ الصلوۃ والسلام سے اور واجب اور مستحب نہو اور **بعض** نے کہاکہ سنت
وہ کام ہے کہ مواظبت فرمائی ہو اوسپر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یا کسی نے آپ کے صحابہ
مین سے چنانچہ بیس رکعت تراویح کو بزعم مواظبت خلفای راشدین سنت کہنا موافق اسی تفسیر کے ہے
اور شامی نے جو **رد المحتار** مین لکہا ہے کہ مشروع اگر ایسا ہو کہ مواظبت فرمائی ہو اوسپر رسول صلعم
یا خلفای راشدین نے بعد آنحضرت کے تو وہ سنت ہے تو شاید ناشی اسی **قول** سے ہے اور
جمہور نے کہا ہے کہ سنت وہ ہے جسپر مواظبت فرمائی ہو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ ترک
کے احیاناً اور جب مطلق مواظبت بدون قید عدم الترک احیاناً اطلاق ہوتے ہی تو اوس سے مواظبت
مع الترک احیاناً مراد ہوتی ہے جیساکہ فتح سر المنان فی تایید مذہب النعمان مین ہے لیکن **سنت
موکدہ** باتفاق حنفیہ اوس عبادت کو کہتے ہین کہ جسپر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مواظبت
فرمائی ہو ساتھ ترک کے احیاناً اور **مستحب** اور کبھی **مندوب** اوس کام کو کہتے ہین کہ کیا ہو
اسکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دو ایک بار اور ترک کیا ہو اوسکو اکثر اور کبھی **مستحب**
اوس کام کو کہتے ہین کہ دوست رکھا ہو اوسکو سلف نے اور اطلاق سنت کا سنت غیر موکدہ اور
مستحب پر بھی آتا ہے اور نزدیک **جمہور شافعیہ کے** سنت مرادف مندوب اور مستحب اور
تطوع کا ہے اور نزدیک بعض شافعیہ کے فرق ہے درمیان سنت اور مستحب کے جیساکہ فرق ہی

اون موحدون مین نزدیک حنفیہ کے **تنقیح** متن توضیح مین مرقوم ہے فان کان النفل طریقۃ مسلوکۃ
فی الدین فسنۃ والا فنفل انتہی اور یہی **تنقیح** مین مرقوم ہے والسنۃ نوعان سنۃ الہدی وترکہا یوجب اسائۃ
وکراہیۃ کالجماعۃ والاذان والاقامۃ ونحوہا وسنۃ الزوائد وترکہا لا یوجب ذلک کسنن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی
لباسہ وقیامہ وقعودہ والسنۃ المطلقۃ تطلق علی طریقۃ النبی علیہ السلام عند الشافعی رحمہ اللہ وعندنا تقع
علی غیرہا ایضا فان السلف کانوا یقولون سنۃ العمرین والنفل یثاب فاعلہ ولا یسیٔ تارکہ وہو دون سنن الزوائد
انتہی اور **شیخ الاسلام** نے **حاشیہ** شرح وقایہ مین لکہا ہے قد اختلف عباراتہم فی تفسیر السنۃ
شرعا فقیل ہی الطریقۃ المسلوکۃ من الدین من غیر وجوب ولا افتراض وقیل ما واظب علیہ النبی صلی اللہ علیہ
وسلم مع الترک مرۃ او مرتین تعلیما للعباد انتہی اور **فصیحیہ** مین مرقوم ہے والسنۃ الطریقۃ المسلوکۃ فی
الدین بلا وجوب ولا افتراض وفسرہا بعضہم بما واظب علیہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم مع الترک احیانا انتہی
اور امداد **الفتاح** شرح نور الایضاح مین مسطور ہے والسنۃ لغۃ الطریقۃ المعتادۃ ولو سیئۃ وشرعا الطریقۃ
المسلوکۃ فی الدین من غیر لزوم علی سبیل المواظبۃ فان کانت مما واظب النبی صلی اللہ علیہ وسلم مع الترک
فہی المؤکدۃ وان کان مع احیانا فہی المندوبۃ وان اقترنت بوعید لمن لم یفعلہا فہی للوجوب انتہی
اور **منح الغفار** مین مرقوم ہے انہا الطریقۃ المسلوکۃ فی الدین من غیر لزوم علی سبیل المواظبۃ انتہی
اور **نہر الفائق** مین مسطور ہے وہی لغۃ الطریقۃ مطلقا وعرفا الطریقۃ المسلوکۃ فی الدین الخ
لکنہ غیر مانع لصدقہ علی المستحب انتہی اور **شمنی** نے شرح مختصر وقایہ مین لکہا ہے السنۃ لغۃ
الطریقۃ والعادۃ وشرعا فی الادلۃ ما صدر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم غیر القرآن من قول او فعل او تقریر
وفی الافعال ما ثبت بقولہ او فعلہ علیہ الصلوۃ والسلام ولیس بواجب ولا مستحب انتہی اور یہی کہا ہے
شیخ علی قاری نے **شرح مختصر وقایہ** مین اور **نہر الفائق** اور **در مختار** اور
در منتقی مین مرقوم ہے وہو تعریف لمطلقہا وان الشرط فی المؤکدۃ مواظبتہ مع ترک ما لکن شان
الشروط ان لا تذکر فی التعریف انتہی بلفظ النہر والدر المنتقی اور **محیط** مین مرقوم ہے السنۃ سنتان
سنۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم وسنۃ الصحابۃ فسنۃ الرسول علیہ الصلوۃ والسلام ہے الطریقۃ التی واظب

صلی اللہ علیہ وسلم علیہا نعنی الفجر وسنۃ الصحابۃ الطریقۃ التی واظبوا علیہا کالجماعۃ فی التراویح فانہا سنۃ عمر
فانہ واظب علیہا وتابعہ اصحابہ انتہے اور نہر الفائق مین مسطور ہے وما فی السراج ہی فی الشرع ما واظب
علیہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم او احد من اصحابہ فتعریف لمطلق السنۃ والکلام فی المؤکدۃ انتہے — اور
سید شریف جرجانی نے اصطلاحات العلوم مین لکھا ہے السنۃ فی اللغۃ الطریقۃ
مرضیۃ کانت او غیر مرضیۃ وفی الشریعۃ الطریقۃ المسلوکۃ فی الدین من غیر افتراض ولا وجوب فالسنۃ ما واظب
النبی صلی اللہ علیہ وسلم علیہا مع الترک احیانا فان کانت علی سبیل العبادۃ فسنن الہدی وان کانت علی
سبیل العادۃ فسنن الزوائد انتہے اور ضیاء معنوی شرح مقدمہ غزنوی مین مسطور ہے
والسنۃ ما واظب علیہا النبی صلی اللہ علیہ وسلم ولم یترکہا الا بعذر کالثناء والتعوذ وتکبیرات الرکوع والسجود
انتہے اور جامع الرموز مین مرقوم ہے والسنۃ لغۃ العادۃ وشریعۃ مشترکۃ بین ما صدر عن النبی
صلی اللہ علیہ وسلم من قول او فعل او تقریر وبین ما واظب علیہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم بالامر ہی نوعان
سنۃ الہدی ویقال لہا السنۃ المؤکدۃ کالاذان والاقامۃ والسنن الرواتب والمضمضۃ والاستنشاق علی
وحکمہ کالواجب فی المطالبۃ فی الدنیا الا ان تارکہ یعاقب وتارکہا یعاتب والسنن الزوائد کاذان المنفرد والسواک
والافعال المعہودۃ فی الصلوۃ ومن خارجہا وتارکہا غیر معاتب انتہے اور شرح قدوری زاہدی
مین مذکور ہے السنۃ ما واظب علیہ النبی صلعم ولم یترک قصدا الا مرۃ او مرتین تعلیما وتسہیلا ولم یعرف اختصاصہ
انتہے اور درمختار مین مستحب کے تعریف مین مسطور ہے ہو ما فعلہ علیہ الصلوۃ والسلام وترکہ اخری
وما احبہ السلف انتہی اور ردالمحتار مین مسطور ہے وقد یطلق علیہ ای علی المستحب اسم السنۃ انتہی اور
درمختار مین بذکر اشارہ سابہ مرقوم ہے وفی المجتبی عن التحفۃ الاصح انہا مستحبۃ وفی المحیط انہا سنۃ انتہے
طحطاوی نے حاشیہ درمختار مین اور شامی نے ردالمحتار مین لکھا ہے قولہ فی المحیط
انہا سنۃ یمکن التوفیق بانہا غیر مؤکدۃ انتہے اور سبکی نے جمع الجوامع مین لکھا ہے
والمندوب والمستحب والتطوع والسنۃ مترادفۃ خلافا لبعض اصحابنا انتہی اور جلال الدین محلی
نے شرح جمع الجوامع مین خلافا لبعض اصحابنا کی شرح مین لکھا ہے ای القاضی حسین وغیرہ فی نفیہم

بر از فہما حیث قالوا ما فعل ان ما واظب علیہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم فہو سنۃ او لم یواظب کان فعلہ مرۃ او مرتین فہو المستحب انتہی اور اسنوی نے شرح منہاج میں لکھا ہے ویسمی المندوب سنۃ ونافلۃ قال فی المحصول ویسمی ایضا مستحبا وتطوعا انتہی مولوی عبدالرحمان صاحب نے ایک مقام رد المحتار کا دیکھ کر سنت کی تعریف اوس سے صفحہ ۱۵ میں نقل فرمائی اور نہ سمجھا کہ یہ قول بعض ہی تعریف مطلق سنت میں نہ تعریف سنت موکدہ میں اوسی رد المحتار میں دوسری جگہ مرقوم ہے ثم قال فی النہر والذی ظہر للعبد الضعیف ان السنۃ ما واظب علیہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم لکن ان کانت لا مع الترک فہی دلیل السنۃ المؤکدۃ وان کانت مع الترک احیانا فہی دلیل غیر المؤکدۃ وان اقترنت بالانکار علی من لم یفعلہ فہی دلیل الوجوب فافہم ہذا فان بہ یحصل التوفیق انتہی قال فی البحر وینبغی ان یقید ہذا بما اذا لم یکن ذلک الفعل المواظب علیہ مما اختص وجوبہ علیہ الصلوۃ والسلام اما اذا کان کصلوۃ الضحی فان عدم الانکار علی من لم یفعل لا یصح ان ینزل منزلۃ الترک ولابد ان یقید الترک بکونہ بغیر عذر کما فی التحریر انتہی اور بہی اوسی رد المحتار میں ایک اور جگہ لکھا ہے فالاولی ما فی التحریر ان ما واظب صلی اللہ علیہ وسلم علیہ مع ترک ما بلا عذر سنۃ وما لم یواظب علیہ مندوب ومستحب وان لم یفعلہ بعد ما رغب فیہ اہ بحر انتہی اور اصل دوم یہ ہے کہ جس نماز تراویح کا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پڑہنا ثابت ہی اوسکا غیر نماز تہجد ہونا ثابت نہیں ہے بخاری نے اپنی صحیح میں باب تحریض النبیؐ علی قیام اللیل والنوافل من غیر ایجاب میں اس حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو کہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلی ذات لیلۃ فی المسجد فصلی بصلوتہ ناس ثم صلی من القابلۃ فکثر الناس ثم اجتمعوا من اللیلۃ الثالثۃ او الرابعۃ فلم یخرج الیہم رسول اللہ صلعم فلما اصبح قال قد رایت الذی صنعتم ولم یمنعنی من الخروج الیکم الا انی خشیت ان یفرض علیکم وذلک فی رمضان ذکر کیا ہے عینی نے شرح صحیح البخاری میں لکھا ہے قولہ ان یفرض علیکم ای بان تفرض علیکم صلوۃ اللیل یدل علیہ روایۃ یونس ولکنی خشیت ان تفرض علیکم صلوۃ اللیل فتعجزوا عنہا وکذا فی روایۃ ابی سلمۃ المذکورۃ قبیل صفۃ الصلوۃ خشیت ان تکتب علیکم صلوۃ اللیل انتہی حافظ ابن حجر نے فتح الباری شرح صحیح البخاری میں اس حدیث کی شرح میں پہلے لکھا کہ قد استشکل الخطابی ہذہ الخشیۃ مع ما ثبت فی حدیث الاسراء انہ قال ہی خمس وہن خمسون لا یبدل القول لدی فاذا امن

من التسبيل لم يخف من الزيادة واجاب عنه الخطابي نفسه بان صلوة الليل كانت واجبة على النبي صلى الله عليه وسلم وافعاله الشرعية تجب على الامة للاقتداء به لا من طريق انشاء فرض جديد زائد على الخمس اور يہ دوسرا جواب خطابي سے نقل کرکے لکھا وقد تلقى هذين الجوابين عن الخطابي ابن الجوزي وجماعة وهو مبني على ان قيام الليل كان واجبا عليه وعلى وجوب الاقتداء بافعاله وفي كل منهما نزاع اور یہ لکھا وقد فتح الباري ثلثة اجوبة اخرى احدها ان يكون الخوف افتراض قيام الليل يعني جعل التهجد في المسجد جماعة شرطا في صحة التنفل بالليل اور پھر دو جواب اور لکھکر لکھا واقوى هذه الاجوبة الثلثة في نظري الاول انتهى پس کلام خطابي اور ابن جوزي وغيرهما اور ابن حجر سے واضح ہے کہ یہ نماز نماز تہجد تھی اور **ابوداود** اور **ترمذی** اور نسائی وغیرہم نے ابی ذر سے روایت کیا ہے قال صمنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم لم يقم بنا شيئا من الشهر حتى بقي سبع فقام بنا حتى ذهب ثلث الليل فلما كانت السادسة لم يقم بنا فلما كانت الخامسة قام بنا حتى ذهب شطر الليل فقلت يا رسول الله لو نفلتنا قيام هذه الليلة فقال ان الرجل اذا صلى مع الامام حتى ينصرف حسب له قيام ليلة فلما كانت الرابعة لم يقم بنا حتى بقي ثلث الليل فلما كانت الثالثة جمع اهله ونساءه والناس فقام بنا حتى خشينا ان يفوتنا الفلاح قلت وما الفلاح قال السحور اور **امام مالک** نے **موطا** میں عبد الله بن ابی بکر سے روایت کیا ہے قال سمعت ابي يقول كنا ننصرف في رمضان فنستعجل الخدم بالطعام مخافة الفجر اور بھی **امام مالک** نے **موطا** میں سائب بن یزید سے روایت کیا ہے کہ قال امر عمر ابي بن كعب وتميما الداري ان يقوما للناس في رمضان باحدى عشرة ركعة وكان القاري يقرء بالمئين حتى كنا نعتمد على العصا من طول القيام فما كنا ننصرف الا في فروع الفجر یہ سب روایات دلالت کرتی ہیں نماز تراویح کے تہجد ہونے پر اور **صحیحین** وغیرہما میں ابی سلمہ بن عبد الرحمان سے روایت ہے کہ پوچھا ابو سلمہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے كيف كانت صلوة رسول الله صلى الله عليه وسلم في رمضان کہا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ما كان يزيد في رمضان ولا في غيره على احدى عشرة ركعة اس حدیث سے کہ بیان نماز تہجد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم میں ہے ابن ہمام نے تراویح آنحضرت کا آٹھ رکعت ہونا نکالا اور کسی نے فقہائے مخالفین میں سے اوسکے جواب میں یہ نہیں کہا کہ یہ حدیث تہجد میں ہے اور محل نزاع تراویح ہے اور **زیلعی** نے **شرح کنز** میں لکھا ہے والاصح انها صلوة الليل وفضل الا

فیها آخره انتہی اور نسفی نے شرح کنز میں لکھا ہے والمستحب تاخیرها الی ثلث اللیل او نصفه وبعد النصف قبل یکره وقد
الاصح الا ان صلوٰۃ اللیل مستثنی ہے اور نہر الفائق میں مرقوم ہے اما المندوب فالی ثلث اللیل ونصفه وحینئذ
فیما بعده والاصح عدم الکراهة فیها الا ان صلوٰۃ اللیل والافضل فیها آخره انتہی اور شرح منیہ حلبی اور امداد الفتاح
اور حاشیہ مختار طحطاوی کی اور رد المحتار وغیرہ میں مذکور ہے لکنها صلوٰۃ اللیل والافضل فیها آخره
انتہی اور شیخ عبد الحق دہلوی نے شرح سفر المنان فی تائید مذہب النعمان میں لکھا ہے
قد علم من هذه الاحادیث ان رسول الله صلی الله علیه وسلم لم یقم فی رمضان الا لیالی متعدده واعتذر عن المواظبة
علی ما صلی خشیة ان یفرض ثم الصحیح انما کانت صلوٰته التی کان یصلیها باللیل هی احدی عشرة رکعة کما مر فی اول
باب صلوٰۃ اللیل من حدیث ابی سلمة انه سال عائشة رضی الله عنها کیف کانت صلوٰۃ رسول الله فی رمضان قالت
ما کان یزید فی رمضان ولا فی غیره علی احدی عشرة رکعة انتہی اور ترجمہ مشکوٰۃ میں لکھا ہے وصحیح آنست کہ
آنچہ آنحضرت گذارده ہمان نماز تہجد بود کہ یازده رکعت است انتہی بالجملہ فرق درمیان نماز تہجد اور نماز
تراویح آنحضرت صلی الله علیه وسلم کی اختراع محض ہے جسکی اصل اور سند کی اور سوائے تقریر مستند مفتی سعد الله
صاحب میں پایا نہیں گیا ہے البتہ شاہ ولی الله صاحب والد ماجد مقرر تقریر کے نے مصفی میں بہ بیان
تقسیم عدد رکعت وتر وسہ رکعت جو لکھا ہے وہ مشیر طرف اسکی خلاف کی عبارت مصفی کی یہ ہے
حضرت امیر المومنین عمر رضی الله عنه بفراست خود دریافت کہ آنحضرت … قیام اللیل در جمیع ایام ترغیب فرموده اند
دو قیام رمضان ترغیب اکید … بیان فرموده است … قیام را اختیار … قیامهای
دیگر تقرر فرماید چون … وقت مقرر کرده … یا یک رکعت زیاده فرموده امام احمد بن
اسباب مختبر داشته است مکاشف او را اول احد عشر ثلث عشر من است انتہی اصل سوم
یہ ہے کہ اگرچہ باعتبار لغت کے قیام اللیل عام ہے صلوٰۃ اللیل سے اور صلوٰۃ اللیل عام ہے
نماز تہجد سے لیکن عرف میں قیام اللیل اور صلوٰۃ اللیل نماز تہجد ہے کو کہتے ہیں عینی نے
شرح صحیح البخاری میں لکھا ہے قال قرطبی التهجد القیام وقال کراع التهجد صلوٰۃ اللیل انتہی
اور شامی نے رد المحتار میں حلبیہ سے نقل کیا ہے تو غیر خفی ان صلوٰۃ اللیل المحثوث علیها هی التهجد انتہی

اور نماز تہجد نزدیک جمہور مشائخ حنفیہ کی مندوب ہے اور فرضیت اوسکے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
سے منسوخ نہین ہوئی اور یہی مسلک ہے بعض مالکیہ اور شافعیہ کا بہی فی النہر الفائق ما لخصہ ان
من المندوبات قیام اللیل اور نور الایضاح مین مسطور ہے وندب صلوۃ اللیل انتہی اور
امداد الفتاح مین مذکور ہے واما صفتہا فقد قال فی شرح المنیۃ انما مستحبۃ وقلنا مثلہ کما سنذکرہ انتہی
اور درمختار مین مرقوم ہے ومن المندوبات رکعتا السفر والقدوم منہ وصلوۃ اللیل انتہی اور ردالمحتار
حاشیہ درمختار مین مذکور ہے ان ماذکرہ ان صلوۃ اللیل من المندوبات مشی علیہ فی الحاوی القدسی
اور ابن ہمام نے فتح القدیر مین لکہا ہے وماذکرہ ذلک القائل من حدیث رکعتی الفجر بنیۃ التہجد
دلیل علی خلاف مقصودہ لان التہجد مندوب کما یشہد کثیر من السنۃ بندب الامۃ الیہ وقدتا دی بہ سنۃ الفجر
والطلاق الجواب اعم من کونہ ان ینوی مجرد الصلوۃ او المندوبۃ وانما لم یقل انہ سنۃ لانہا واظب علیہ الصلوۃ والسلام
علیہا والتہجد عند مشائخنا کان فرضا علیہ فمواظبتہ علی فرض انتہی اور یہی فتح القدیر مین دوسری جگہہ مسطور
ہے یعنی ان صفۃ صلوۃ اللیل فی حقنا السنیۃ والاستحباب تتوقف علی صفتہا فی حقہ صلی اللہ علیہ وسلم فانکانت
فرضا فی حقہ فہی مندوبۃ فی حقنا لان الادلۃ القولیۃ فیہا انما تفید الندب والمواظبۃ الفعلیۃ لیست علی تطوع
لتکون سنۃ فی حقنا وانکانت تطوعا فسنۃ لنا وقد اختلف العلماء فی ذلک فذہب طائفۃ الی انہا فرض علیہ وہ
کلام الاصولیین من مشائخنا تمسکوا بقولہ تعالی قم اللیل الا قلیلا الآیہ وقال طائفۃ تطوع اور ابن الحاجب
مالکی نے اپنے مختصر مین نماز تہجد کو اون فعال مین سے کہ مختص ہین ساتہ نفس نفیس آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم کے شمار کیا ہے اور متابعت کی ہی ابن حاجب کی اوسکے شارح قاضی عضد نے شافعیہ مین سے
اور ایسا ہی کہا ہے جلال الدین سیوطی شافعی نے اتمام الدرایہ مین اور بحر العلوم نے
شرح مسلم مین معطوف کیا ہے نماز تہجد کو اور افعال مختصہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر اس عبارت سے
وصلوۃ التہجد عند من یقول بافتراضہا علیہ صلوۃ اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ اور روایت کی مسلم نے سعد بن ہشام
بن عامر سے روایت کیا ہے کہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے کہا مین نے انبئینی
عن قیام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقالت الست تقرء القران یا ایہا المزمل قلت بلی قالت فان اللہ عز وجل

افترض قیام اللیل فی اول ہذہ السورۃ فقام نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واصحابہ حولا وامسک اللہ خاتمتہا اثنی عشر
شہرا فی السماء حتی انزل اللہ فی آخر ہذہ السورۃ التخفیف فصار قیام اللیل تطوعا بعد فریضۃ سو جواب اوسکا حنفیہ
کی طرف سے یہ ہے کہ مراد حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی تطوع ہونا قیام لیل کا نسبت اصحاب نبی صلی اللہ علیہ
وسلم کے ہے نہ بہ نسبت نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور اصحاب کے چنانچہ روایت ابی داود مین صرف قیام
اصحاب ہی کا ذکر ہے اور روایت ابی داود یہ ہے قال قلت حدثنی عن قیام اللیل قالت الست تقرء یا ایہا
المزمل قال قلت بلی قالت فان ہذہ السورۃ نزلت فقام اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حتی انتفخت اقدامہم
وحبس خاتمتہا فی السماء اثنی عشر شہرا ثم نزل آخرہا فصار قیام اللیل تطوعا بعد فریضۃ اور جو شامی نے فتح القدیر
سے نقل کیا ہے لکن صریح ما فی مسلم وغیرہ عن عائشۃ انہ کان فریضۃ ثم نسخ سو وہ حاصل عبارت فتح القدیر
کا برعم شامی ہے فتح القدیر مین بعد حدیث مسلم کے جو اوپر مذکور ہوئی بدون لفظ لکن او صریح کے مسطور ہے
فہذا یقتضی انہ نسخ وجوبہ عنہ انتہی اور مجد الدین فیروزآبادی نے سفر السعادات مین
لکھا ہے بدانکہ علما را اختلاف ست کہ قیام لیل بر حضرت رسالت صلی اللہ علیہ وسلم فرض بودہ یا سنت
ہر دو طائفہ را دلیل یکی ست وآن آیت تنزیل است ومن اللیل فتہجد بہ نافلۃ لک بعضی میگویند این آیت
صریح ست در عدم وجوب وجمعی می گویند فتہجد امر است صریح بہ قیام لیل وتہجد چنانکہ جای دیگر فرمود یا ایہا المزمل
قم اللیل وہا نحن صریح نیامدہ انتہی اور شیخ عبد الحق نے ترجمہ مشکوۃ مین لکھا ہے وکلام دران
کہ نماز تہجد بر آنحضرت صلعم فرض بود یا نہ امت بعد ازان منسوخ شد مشہور است مختار آنکہ از امت منسوخ شد
وبر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم باقی ماند تا آخر عمر وصحح ذلک فی موضعہ انتہی اور **اصل چہارم** یہ ہے
کہ حدیث عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے جو صحیحین وغیرہا مین مروی ہے اور یہی حدیث جابر سے جو
صحیح ابن حبان او صحیح ابن خزیمہ مین مروی ہے ثابت ہے کہ نماز تراویح آنحضرت کی آٹھ رکعت تھی اور
اوس مین رکعت تراویح پڑھنا آپ کا ثابت نہین ہے اور وہ جو روایت ابی شیبہ ابراہیم بن عثمان مین بیس رکعت پڑھنا
آپکا آیا ہے سو وہ حدیث ضعیف ہے قابل احتجاج کے نہین ابو شیبہ کے ضعف پر اتفاق ہے
جیسا کہ فتح القدیر وغیرہ مین ہے بسط او تفصیل امداد السنۃ مین ہے اور **اصل پنجم** یہ ہے کہ پڑھنا

بیس رکعت تراویح کا فعل حضرت علی اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہم سے کہین کتب احادیث اور آثار مین
پایا نہین جاتا ہے چہ جائیکہ مواظبت انکی بیس رکعت تراویح پر پائی جاوے لہذا حافظ ابن حجر نے
تخریج ہدایہ مین مواظبت خلفائے راشدین بیس رکعت تراویح پر کلام کیا ہے اور فصیحیہ شرح
وقایۃ الروایۃ مین یہ جمع مسلم لکہا گیا ہے عبارت فصیحیہ کی یہ ہے وقول الہدایۃ الاصح انہا سنۃ ای نفس التراویح
وانہم قال الشیخ ابن حجر لم اجدہ ای المواظبۃ عن الخلفاء الراشدین فما فی الہدایۃ ایضا منظور فیہ انتہی امداد
عبارت حموی مین جو واقع ہے وصلاہا عمر بعدہ عشرین ووافقہ الصحابۃ علی ذلک اور اسکے حاصل معنے
اردو مین اسکے صفحہ ۹ مین یون لکہے گئے اور حکم پڑہنے کا کیا ہی حضرت عمر نے بعد آنحضرت کے
بیس رکعت کا اور موافقت اوسکی کی ہے صحابہ نے انتہی تا کہ لکہنا حموی کا محل کلام نہو اگر صلاہا مین
نسبت پڑہنے کی طرف حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے مجازا لیجائے تو لکہنا حموی کا شاید سند ہے
سندا سکی کتب احادیث اور آثار سے پایا جاتا ہے اور نسبت فعل طرف سبب آمر فعل کے جائز ہے اور واقع
جیسے کہ نسبت ذبح کے طرف فرعون کے آیت کریمہ یذبح ابناءہم مین یا نسبت بنانے مکان کے طرف
ہامان کے یاہامان ابن لی صرحا مین حال آنکہ فرعون آپ ذبح نہین کرتا تہا بلکہ امر کرنے والا ذبح کا تہا اور ہامان
خود مکان نہین بناتا تہا بلکہ امر کرنیوالا بنانے مکان کا تہا اور **اصل ششم** یہ ہے کہ روایت اجماع صحابہ
سنت موکدہ ہونے تراویح پر محض بے اصل اور بے سند ہے ایک صحابی سے بہی سنت موکدہ ہونا تراویح کا منقول
نہین ہے اگر ایسا ہوتا تو روایت اسکی کتب احادیث و آثار مین ضرور پائی جاتی اور جس حال مین کہ اجماع
صحابہ سنت موکدہ ہونے نفس تراویح پر ثابت نہین ہوتا ہے تو سنت موکدہ ہونے بیس رکعت تراویح پر
کیونکر اجماع صحابہ ثابت ہوسکتا ہے اور اگر ایسا ہوتا تو بعض سلف زمان عمر بن عبد العزیز مین گیارہ رکعت کیونکر پڑہتے
اور امام احمد بن حنبل گیارہ اور تیئس مین کیونکر مخیر فرماتے اجماع صحابہ کا تو کیا ذکر ہے صحابہ کے بعد لوگون کا بہی
تراویح یا بیس رکعت تراویح کے سنت موکدہ ہونے پر اجماع نہین ہے یہان تک کہ حنفیہ مین بہی اختلاف ہے
اسکی سنت موکدہ اور مستحب ہونے مین جیسا کہ **تبیین** اور **مستخلص** اور **ینابیع** اور **خلاصۃ الفتاوی**
اور **فتاوی عالمگیریہ** اور **ماثبت بالسنۃ** وغیرہا مین مذکور ہے اور **اصل ہفتم** یہ ہے کہ تراویح

بیس رکعت تراویح کا سنت موکدہ ہونا روایت اسد بن عمرو میں اور سنت ہونا بدون قید موکدہ کے روایت حسن بن زیاد جو راوی وہ لائق اعتماد نہیں ہے کئی وجہ سے **اول** یہ روایت روایت نوادر ہے ظاہر الروایۃ نہیں اور عمل اوس مسئلہ پر کہ غیر ظاہر الروایۃ میں ہو مشروط ہے ساتھ نہ مخالف ہونے اصول حنفیہ کے اور سنت موکدہ ہونا تراویح کا بر تقدیر فرض ہونے تہجد کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر مخالف اصول حنفیہ سے ہے **فتاوی قاضی خان** میں مسطور ہے والکانت المسئلۃ فی غیر ظاہر الروایۃ ان کانت توافق اصول اصحابنا یعمل بہا انتہی **دوسری** یہ قول امام خارج ہے ظاہر الروایۃ سے اور جو قول امام ایسا ہے اوس سے امام نے رجوع فرمایا ہے اور جس قول سے امام نے رجوع فرمایا ہو اوسکو قول امام نہ کہنا چاہیے اور اعتماد اوسپر کرنا چاہیے **بحر رائق** میں مذکور ہے ما خرج عن ظاہر الروایۃ فھو مرجوع عنہ وان المرجوع عنہ لیس قولا لہ انتہی اور **توشیح** میں مسطور ہے ان ما رجع عنہ لا یجوز الاخذ بہ انتہی **تیسری** جامع صغیر میں کہ کتب ظاہر الروایۃ میں سے ہے استحباب تراویح مسطور ہے فی **المستخلص** شرح الکنز اعلم ان التراویح سنۃ وذکر فی الجامع الصغیر بلفظ الاستحباب اور وہ ظاہر الروایۃ کو ترجیح ہے غیر ظاہر الروایت پر **رد المحتار** میں مرقوم ہے فی باب العیدین من البحر والظاہر ان الجامع الصغیر صنفہ محمد بعد الاصل فما فیہ ہو المعول علیہ **چوتھی** اسد بن عمرو اور حسن بن زیاد راوی اسکے مجروح ہیں **تنزیہ الشریعۃ** میں مسطور ہے اسد بن عمرو ابو المنذر البجلی الکوفی قال یحیی کذوب وقال ابن حبان کان یسوی الحدیث علی مذہب ابی حنیفۃ انتہی اور **شمس الدین** ذہبی نے ذیل ترجمہ اسد بن عمرو **کتاب اسماء رجال مسند احمد** میں لکھا ہے قال البخاری وابن المدینی ضعیف اور **میزان الاعتدال** میں لکھا ہے قال یزید بن ہارون لا یحل الاخذ عنہ وقال یحیی کذوب لیس بشیء وقال البخاری ضعیف وقال ابن حبان کان یسوی الحدیث علی مذہب ابی حنیفۃ انتہی اور بھی میزان الاعتدال میں لکھا ہے وضعفہ الفلاس وقال النسائی لیس بالقوی وقال الدارقطنی لا یعتبر بہ انتہی اور بھی **تنزیہ الشریعۃ** میں مرقوم ہے حسن بن زیاد اللؤلؤی کذبہ ابن معین وابو داود وغیرہما انتہی اور **میزان الاعتدال** میں ترجمہ حسن بن زیاد میں مذکور ہے روی احمد بن ابی مریم وعباس الدوری عن یحیی بن معین کذاب وقال محمد بن

عبد الله بن نمير يكذب على ابن جريج وكذا كذبه ابو داود فقال كذاب غير ثقة وقال ابن المديني لا يكتب حديثه
وقال ابو حاتم ليس بثقة ولا مأمون وقال الدارقطني ضعيف متروك وقال محمد بن حميد الرازي ما رأيت اسوأ اعتقادا منه

اصل ہشتم یہ ہے کہ معیار مسائل حقیہ اصول شرع ہیں نہ قول اکثر حق اور صواب وہ ہے جو موافق
اصول شرع کے ہو اور باطل اور خطا وہ ہے جو اصول شرع کے موافق نہیں بعض مسائل اسی قسم کے ہیں
کہ ان میں قول اکثر مشائخ حنفیہ بجانب خطا ہے اور قول بعض محققین بجانب صواب چنانچہ بہت مشائخ حنفیہ
نے رفع سبابہ سے تشہد میں منع کیا ہے اور اسی پر فتوی لکھا ہے حالانکہ یہ جانب خطا ہے اور صواب
استحباب اوسکا ہے جیسا کہ قول محققین حنفیہ ہے فی شرح المنية للحلبي وعن كثير من المشائخ لا يشير اصلا وفی
الدر المختار ولا يشير بسبابته عند الشهادة وعليه الفتوى كما في الولوالجية والتجنيس وعمدة المفتي وعامة الفتاوى
وفي الطوالع وفي الخلاصة والغياثية وهو المختار وعليه الفتوى وكذا في الواقعات الحسامية والتاتارخانية وفي
المضمرات الفتوى على انه لا يشير وفي الكبرى وعليه الفتوى ونقل الشيخ سليمان بن عثمان في رسالة النهاني في النهي
عن الاشارة عما تقدم وعن شرح المختصر والمنية والى المكارم ومختارات النوازل وخزانة المفتين والذخيرة البرهانية الكبرى و
غرر الاذكار شرح درر البحار ونقل عن الذخيرة انه قال هو ظاهر الرواية وقال صاحب الكيداني انها حرام في المحلا الاحد والاشارة بالمسبحة في التشهد عند
قوله لا اله الا الله حرام وفي السراجية ويكره ان يشير بالسبابة عند التشهد هو المختار وفي قنية المنية رفع السبابة المسنى في التشهد عند التهليل
مكروه وفي المستصفى ويكره الاشارة وكرهها في خزانة المفتي **اصل نہم** یہ ہے کہ معنی علیکم بسنتی وسنة الخلفاء
الراشدین میں اقوال ہیں تفصیل اوسکی صفحہ ۱۵ امداد السنہ میں مذکور ہے ایک قول ان میں سے یہاں
مسطور ہوتا ہے اور وہ یہ ہے کہ علیکم اسم فعل ہے بمعنی الزموا او حثوا علی الفضل کی جہت ہے تو ایجاب حقیقی
خود نہیں ہے بلکہ مقصود اوس سے استحباب ہے ورنہ اتباع طریقہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور طریقہ خلفاء
راشدین واجب ہو اور ترک اوسکا موجب عتاب نہ موجب صرف عتاب اور ابا وقت مراد وجوب سے
استحباب اور استحسان ہوتا ہے **نہایہ جزری** میں مسطور ہے غسل الجمعة واجب على كل محتلم اى مستحب
اور اسی قول ابو حنیفہ میں کہ لو لم يبعث الله للناس رسولا لوجب عليهم معرفته بعقولهم مشائخ بخاری وجوب
کو بمعنی ینبغی کے لیتے ہیں تحریر میں مسطور ہے وحينئذ فيجب حمل الوجوب في قوله لوجب عليهم معرفته بعقولهم

علی ما ینبغی یا بمعنی خذوا کے ہے **مجمع البحار** مین مسطور ہے علیکم بہذا ای اعلموہ وہو اسم
سمی بہ یقال علیک زیدا وبزید انتہے اور اس تقدیر پر امر واسطے ندب اور استحباب کے ہے نہ واسطے
وجوب کے **مسلم** مین اور اوسکے شرح مین جو بحر العلوم کے ہے مذکور ہے اقتدوا بالذین من بعدی
ابی بکر وعمر رواہ احمد وعلیکم بسنتی الحدیث وسنۃ الخلفاء الراشدین فلنا ہو خطاب للمقلدین فلا یکون حجۃ
علی المجتہدین وبیان لاہلیۃ الاتباع لا لحصر الاتباع وعلی ہذا فالامر للاباحۃ او للندب واحد ہذین التاویلین ضروری
لان المجتہدین کانوا یخالفونہم والمقلدون کانوا یقلدون غیرہم انتہے اور سنت کے معنی اس حدیث مین تقریر
کے ہین اور دونون جگہہ یعنی سنتی اور سنۃ الخلفاء الراشدین مین ایک ہی معنی مراد ہین پس جو شبہات
کہ مولوی عبد الرحمان صاحب نے صفحہ ۷۵ مین اس حدیث کے معنی پر کئے ہین سب نافہمی مطلب سے
ناشی ہین اور اہتمام سے کسی چیز کے وصیت مین تجاوز اوس چیز کے حال سے لازم نہین ہے تاکہ
مستحب بسبب وقوع کے وصیت مین سنت موکدہ ہو جائے اور امر تمسکوا اور عضوا مین واسطے
ندب کے ہے اور اگر نزدیک مولوی عبد الرحمان صاحب کے یہ امر واسطے وجوب کے ہے تو سنت
خلفای راشدین کو واجب کہنا چاہئے نہ سنت موکدہ اور جو مولوی عبد الرحمان صاحب نے ص ۷۶ مین
مین لکہا ہے تو یہ تراویح بقول آپکے نہ سنت اصل ٹہری نہ مستحب کیونکر ہو گی انتہے جواب اسکا یہ ہے
کہ تراویح مستحب ہوگی بموجب احادیث قولیہ کے مانند تہجد کے اور بیس رکعت تراویح مستحب ہونگے بموجب
اقرار اور اجازت حضرت عمر رضہ اور اور صحابہ کے اور جو اسی صفحہ مین یہی لکہا ہے کہ ہر طریقہ کیواسطے
فرض و واجب و سنت و مستحب علحدہ علحدہ ہونگے انتہی جواب اوسکا یہ ہے کہ ہر طریقہ کے واسطے
چارو قسم ہونا کیا ضرور ہے اور اگر دونون طریقون مین چارون قسم پائی جائین تو اسمین کیا محذور ہے
اور جو اسی صفحہ مین بہی لکہا ہے طریقہ خلفاے راشدین عین طریقہ آنحضرت صلعم ہے اور
خلفاے راشدین پیرو ہین انتہے کچہہ مضر خصم اور مفید مولوی عبد الرحمان صاحب کے نہین ہے
کہ اس سے سنت موکدہ ہونا ثابت نہین ہوتا ہے اور جو اسی صفحہ مین بہی لکہا ہے یہان پر اعادہ
معرفہ کا مثل فان مع العسر یسرا ان مع العسر یسرا کے طور پر اعادہ معرفہ کا اس مقام پر نہین ہے انتہے

سو یہ انتقال نہین کیونکہ اعادہ معرفہ مسطور ہے وہ بطور الزام مذکور ہے اور جبکہ اعادہ معرفہ مسلم ہے تو شکل فان مع

العسر یسرا ان مع العسر یسرا اونکا اعادہ معرفہ کا کیا خوب ہے مولوی عبدالاحد صاحب تو صفحہ

استفتاء الفرائح مین ہونا ثانیہ کا میں اوسکے متعلق اعادہ معرفہ مین لکھتے ہین اور جو اسی صفحہ مین لکھا

اشعۃ اللمعات سے لکھا گیا ہے کہ سنت خلفاے راشدین در اصل سنت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہے

انتہی سو یا اوس سنت خلفا ہین کہ وہ قیاس اور رائے سے خارج ہے مسلم ہے لیکن اوسپر بھی

اطلاق سنت کا بحیثیت آنحضرت ہونیکا بدون ثبوت کے کرینگے اور اور سنت خلفا مین عموماً یہ قول تسلیم جائز

ہے کہ سنت خلفا قیاسی ہو اور حدیث مین آیا ولا یہ ہے کہ شاید ذہن ہی سے یہ حدیث متفق علیہ

یزید بن ثابت کے جاتی رہی نہ رخ سہوا قیل معنی القول فی بطن القائل سے ہے کچھ مفصل اسکا معلوم نہین ہوتا ہے

اور جو اسی صفحہ مین بھی لکھا ہے ثانیاً یہ ہے کہ حضرت مولف رسالہ کو قواعد اصول فقہ کی خبر نہین ہے الخ

سو یہ تحریر مولوی عبدالرحمان صاحب کی موافق اونکے مبلغ علم کی ہے تمہاری تحصیل تمام اصول مین نورالانوار

ہے نہ سمجھے اوسکو ہر جگہہ سے دوڑتے ہین وہ جو حضرت نے نورالانوار سے نقل کیا مذہب فخر الاسلام

ہے اور مذہب جمہور اصولیین اور عامہ مشائخ حنفیہ اور اہل عربیت اسکے خلاف یہ ہے کہ لام تعریف وقت

مستقیم نہونے عہد کے محمول ہوتا ہی استغراق پر نہ جنس پر اسلیئے کہ عہد اور استغراق حقیقت ہے اور

جنس مجاز اور جب تک حمل حقیقت پر ممکن ہو مجاز پر جائز نہین اگر مولوی عبدالرحمان صاحب نقل عبارت

نورالانوار مین حذف اور تصرف نفرماتے عبارت نورالانوار ہی سے جو راقم نے لکھا کھل جاتا اور عبارت

نورالانوار سے جو مولوی عبدالرحمان صاحب نے نقل فرمانے سے پہلے مسطور ہے اور وہ یہ ہے ثم اللام

المعرفۃ فی صورۃ لا یستقیم التعریف العہدی اوجبت العموم سواء کان العموم للجنس کما ذہب الیہ فخر الاسلام

وتابعوہ او الاستغراق کما ذہب الیہ اہل العربیۃ وجمہور الاصولیین اور بعد اسکے مرقوم ہے فان لم یستقم العہد

بان لم تکن ثمہ افراد معہودۃ او لم یجر ذکرہ فیما سبق حمل علی الجنس کل الاولی و حمل علی حسب ما یلیق بالمقام

او علی الاستغراق فیستوعب الکل یقینا اور حاشیہ نورالانوار مطبوعہ پر جو کشف بزدوی سے مسطور ہے

اوسکو بھی اگر مولوی عبدالرحمان صاحب ملاحظہ فرما لیتے تو مرتکب زبان درازی خصم پر نہوتے عبارت

کشف کی یہ ہے ذہب جمہور الاصولیین وعامۃ مشائخنا وعامۃ اہل اللغۃ الی ان موجبہ العموم والاستغراق

توضیح مین مسطور ہے ان ما قالوا انہ یحمل علی الجنس مجازا مفید بصورۃ لا یمکن حملہ علی العہد والاستغراق

حتی لو امکن یحمل علیہ اور **تلویح** مین مسطور ہے لاشک حمل الجمع علی الجنس مجاز وعلی العہد او الاستغراق

حقیقۃ والمساغ للمجاز الا عند تعذر الاصل انتہی اور **تحریر الاصول** مین مرقوم ہے وان امکن کل

منہا قیل الجنس للتیقن وقیل الاستغراق للاکثریۃ خصوصا فی استعمال الشارع وقرران الجمع المحلی للعہد والاستغراق

حقیقۃ وللجنس مجاز وانہ خلف لا یصار الیہ الا لتعذرہما انتہی **تقریر** شرح تحریر مین قیل الاستغراق کی

شرح مین مسطور ہے وقالہ عامۃ مشائخنا وغیرہم انتہی **اصل دہم** یہ ہے کہ اتبعوا السواد الاعظم

مین مراد سواد اعظم سے یا جملہ صحابہ کرام ہین یا ساری مجتہدین عظام یا سب اہل سنت وجماعت پس ادعیہ ہے

کہ جس مسئلہ مین جملہ صحابہ کرام ایکطرف ہون اور غیر صحابہ ایکطرف اتباع صحابہ کرام لازم ہے یا جس مسئلہ مین

ساری مجتہدین عظام ایک طرف ہون اور غیر اہل سنت ایک طرف اوس مسئلہ مین اتباع اہل سنت لازم ہی

اسی جگہ سے ہے کہ سفیان ثوری سے کما لوان فقیہا علی راس جبل لکان ہو الجماعۃ **ابو شامہ** نے

کتاب البدع والحوادث مین لکہا ہے حیث جاء الامر بلزوم الجماعۃ فالمراد بہ لزوم الحق و

اتباعہ وان کان المتمسک بہ قلیلا والمخالف لہ کثیرا لان الحق ما کان علیہ الجماعۃ الاولی وہم الصحابۃ ولا عبرۃ الی

کثرۃ اہل الباطل بعدہم انتہی بالجملہ سواد اعظم مقابل غیر صحابہ کرام یا غیر مجتہدین عظام یا اہل بدعت ہی

اور معیار حق وباطل ہونا سواد اعظم کا ساتہ اسی معنی کے ہے ورنہ مانعین زکوۃ بعد وفات رسول خدا

صلی اللہ علیہ وسلم کے اکثر تہے بہ نسبت غیر مانعین کی اور تابعین امامت حضرت معاویہ اور امامت

یزید زمان بنی امیہ مین اکثر تہی بہ نسبت غیر قائلین کے **تقریر** شرح تحریر مین مذکور ہے

وقد ارتد اکثر الناس بعد وفات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ومنعوا الصدقۃ وکان المتخلفون الاقل

وہم الصحابۃ وکان اکثر الناس فی زمن بنی امیۃ علی القول بامامۃ معاویۃ ویزید انتہی اور **مسلم** مین

مسطور ہے وقد ارتد اکثر الناس بعد وفاتہ صلی اللہ علیہ وسلم وکان الاکثر فی زمان بنی امیۃ علی امامۃ معاویۃ

وعلی امامۃ یزید ابنہ انتہی اب اصول عشرہ تمام ہو چکے بیان سے بالتفصیل رد اقوال مولوی

قولہ عبدالرحمان صاحب کا جو توضیح سنۃ الہدی مین اون سے صادر ہوے ہین شروع سے
صـ حضرت جو نماز تراویح کو کہین پہ لکھے ہین کہ نماز تراویح حضرت کی نماز تہجد تہی الی قولہ فی صفحہ ۶
اور نزدیک امام ابی حنیفہ کے مکروہ ہے **اقول** کچہ تعارض اقوال راقم مین نہین ہے زعم تعارض
ناشی نافہمی مطلب نورالہدی اور امداد السنۃ سے ہے سب اٹھ رکعت کا مسنون ہونا موافق تحقیق
ابن ہمام کے لکھا گیا ہی نہ بطور جمہور حنفیہ اور جمہور حنفیہ کے طور پر تو اٹھ رکعت کا بہی سنت موکدہ ہونا
نہین درست آتا ہے اور بیس رکعت مین سے اٹھ رکعت کا مسنون ہونا اور بارہ کا مستحب ہونا اوس
تقدیر پر مراد ہے کہ بیس رکعت پڑہنے والا اٹھ رکعت کو بہ نیت سنت اور بارہ کو بہ نیت استحباب پڑہے
اور بدون نیت اس تفصیل کے بیسون مستحب ہین اور سنت عمری اور فعل خلفا ہونا توجیہ کلام
ناقلین اختلاف سنیت و استحباب مین موافق زعم ناقلین مذکورین بہ نسبت نفس تراویح لکھا گیا ہے نہ بہ
نسبت بیس رکعت تراویح اور بطور تحقیق بیس رکعت کے فعل خلفا ہونیکا انکار کیا گیا ہے اور بیس
رکعت کا آنحضرت صلعم سے ثابت ہونا نہین لکھا گیا ہے بلکہ ثابت ہونا پڑہنے آنحضرت کا بیس رکعت
کو لکھا گیا ہے منشاء منہیا اور بالفرض اگر بیس رکعت کا ثابت ہونا آنحضرت صلعم سے بہی لکھا جاتا تو ظاہر
اوس سے ثبوت صریحی ہوتا اور حمل فعل حضرت عمر اسپر کہ اونکے پاس کچہ اصل اوس کا آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوگی مفید ثبوت صریحی نہین ہے پس کیونکر یہ حمل مخالف اوس تحریر کے
ہوتا اور نورالہدی مین چہتیس رکعت پڑہنے اور پڑہانے والیکا رافضی اور مبتدع اور جاہل اور کافر ہونا
لکھا گیا ہے نہ جائز بلا کراہت ہونا چہتیس رکعت پڑہنے اور پڑہانے کا موافق مذہب حنفی لکھا گیا
اسلیئے کہ جماعت سے پڑہنا چہتیس رکعت کا صرف مذہب حنفی مین مکروہ ہے نہ مذہب مالکی اور
شافعی مین اور یہ دونون مذہب بہی مذاہب اہل سنت مین سے ہین نہ مذاہب روافض اور اور اہل بدعت
اور جہال اور کفار مین سے اور پڑہنا بیس رکعت کا بجماعت اور سولہ کا بدون جماعت کے خود حنفیہ کے نزدیک
بہی مستحب ہے **قولہ** صـ تراویح سنت موکدہ بیس رکعت ہے اور یہی اصح ہی اور اسی پر عمل
الناس زمانہ حضرت عمر سے باجماع صحابہ استقرار پایا ہے اٹھ رکعت اور چہتیس رکعت جو اول مین پڑہی

گئی تھین متروک ہوگئین اس استقرار کے بعد دوسرا عمل جاری نہین ہوا **اقول** اجماع صحابہ جواز بیس رکعت
پر سنت موکدہ ہونے بیس رکعت پر مسلم ہے لیکن متروک اور ناجائز ہونے اٹھ رکعت یا چھتیس رکعت پر
اجماع صحابہ ممنوع ہے اگر ایسا ہوتا تو جیسے امر فرمانا حضرت عمرؓ کا ابی بن کعب اور سلیمان بن ابی حثمہ اور تمیم داری
کو ساتھ پڑھانے گیارہ رکعت کے منقول ہے اور پڑھا جانا گیارہ اور تیرہ رکعت کا زمان خلافت حضرت عمرؓ
روایات سائب بن یزید سے مروی ہے متروک ہو جاتا اٹھ یا گیارہ یا تیرہ یا چھتیس رکعت کا اور انکار
صحابہ میں اوسپر منقول اور مروی ہوتا اور امام مالک چھتیس رکعت تراویح کے نہ قائل ہوتے اور گیارہ
رکعت کو اپنے نفس کے واسطے اختیار نکرتے اور امام احمد بن حنبل درمیان گیارہ اور تیئیس کے مخیر نفرماتے
اور بعض سلف عمر بن عبد العزیز گیارہ رکعت نہ پڑھتے **قولہ** صد درمختار مین لکھا ہے اور صاحب
رد المحتار اوسکو یون لکھتا ہے الخ **اقول** یہ کہنا کہ درمختار مین لکھا ہے اور صاحب رد المحتار اوسکو
یون لکھتا ہے مشعر کمال الغفال اور جہل عامیانہ ہے اول درمختار کی عبارت عربی ہے اور یہ عبارت
اردو دوسرے رد المحتار اوسکا حاشیہ ہے درمختار اوس سے بہت پہلے ہے رد المحتار کا درمختار
مین ذکر آنا کیونکر ہو سکتا ہے اعتراض ابن ہمام تصحیح ہدایہ پر مقتضای اصول حنفیہ ہے اور روایت
سنت موکدہ کی امام سے آلاق اشتباہ کے نہین ہے چنانچہ تفصیل اسکے اصل ہفتم مین گذر چکی ہے
اور دعوی اجماع سنت موکدہ ہونے بیس رکعت تراویح پر باطل ہے اسلیئے کہ روایت اجماع فی اصل
سے اور مواظبت خلفای راشدین بیس رکعت پر ثابت نہین ہے جیسا کہ اصل پنجم مین معلوم ہوا اور نہ کوئی
کام صرف مواظبت خلفای راشدین سے سنت موکدہ ہوتا ہے جیسا کہ اصل اول مین معلوم ہوا اور
امر اتباع سنت خلفای راشدین علیکم بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین مین استحبابی ہے وجوبی نہین جیسا
کہ اصل ہم مین معلوم ہوا اور جسنے تراویح کو سنت کہا ہے اور اوسکے ترک کو مکروہ اگر مراد اوسکے
تراویح سے اصل تراویح ہے نہ بیس رکعت تراویح تو قول اوسکا اوس تقدیر پر کہ فرضیت تہجد کی آنحضرت
صلعم سے منسوخ ٹھہرائی جائے صحیح ہے اور اگر مراد اوسکی تراویح سے بیس رکعت تراویح ہی تو قول
اوسکا مانند قول اور قائلین سنت موکدہ ہونے بیس رکعت کے محل نظر ہے اور جواز بیس رکعت کا تراویح

مین اوس عمل ناس اور مشرق و مغرب مین عمل نزاع نہین ہے مگر نزاع سنت موکدہ ہونا بیس رکعت کا ہی تو کوئی سبب رواج عام سے سنت موکدہ نہین ہوجاتا ہے اور سنت موکدہ کہنے بیس رکعت تراویح کو قول جمہور قرار دینا غلط ہے مسلم خصم نہین ہے اور جواب بمقتضائی دلیل کا جو صاحب رد المحتار نے لکھا ہے مولوی عبد الرحمان صاحب پیش کرتے ہین اگر بحال اوسکے صحت اور سقم کا ملحوظ کی **قولہ** صفحہ ۱۵ اور عشرات مین لکھا ہی الخ **اقول** روایت زادتہ مین تراویح کا سنت ہونا ہے نہ بیس رکعت تراویح کا اور دلیل سنت موکدہ ہونے کی مفید سنت موکدہ ہونیکی نہین ہے اسلیئے کہ اجماع امت کسی فعل کے جواز اور مراعات پر اور انکار کرنے اہل قبلہ سے سوائے موافقہ کے اوس فعل پر سنت موکدہ ہونا اوس فعل کا لازم نہین آتا ہے اور روایت طحاوی حجتہ مین بہی سنت موکدہ ہونا تراویح کا مسطور ہے نہ بیس رکعت تراویح کا اور ایک صحابی سے بہی سنت موکدہ کہنا تراویح کا ثابت نہین ہوتا ہے جیسا جانے کہ سنت موکدہ ہونے تراویح پر اجماع صحابہ ہوا اور عمل امت کچہ مفید سنت موکدہ ہونیکا نہین ہے اور روایت ابی عبد اللہ مین بہی سنت موکدہ ہونا تراویح کا نہ بیس رکعت کا مرقوم ہے اور بر قول الخ تہجد اور بیس مین نزاع نہین ہے نزاع بیس رکعت کے سنت موکدہ ہونے مین ہے اور روایت کافی مین لفظ سنت کا محتمل سنت غیر موکدہ ہے **قولہ** صفحہ ۱۶ امام ابو حنیفہ مذہب والے الخ **اقول** امام ابو حنیفہ مذہب والے کسی روایت مین اون روایتون کی جو مولوی عبد الرحمان صاحب نے لکھی ہین بیس رکعت تراویح کا سنت موکدہ ہونا مذکور نہین ہے اور کلام صاحب رد المحتار کو اس غرض سے کہ اوسنے ذکر کرنا جواب قول ابن ہمام کا لکہا ہی اگر حمل سنت موکدہ ہونے بیس رکعت پر کرتا ہے تو بر تقدیر صحت اس حمل کے قول صاحب رد المحتار ہمپر حجت نہین ہے حجت اوسپر ہے جو ہر باب مین دعوی اتباع رای صاحب رد المحتار ہو و نحن لا نقول بہا اور حال اجماع صحابہ اصل ششم مین اور حال مواظبت خلفائے راشدین اصل پنجم اور اصل اول مین معلوم ہوچکا ہے اور حنفیہ اور شافعیہ کے بیس رکعت پڑہنے سے سنت موکدہ ہونا بیس رکعت کا لازم نہین آتا ہی یہ بنا بیس رکعت کا استحباب ہی ہوسکتا ہی بہر حال بیس رکعت کی سنت موکدہ نہ جانتی اور انکار دعوی اجماع کی اصل سی کوسے سنی حنفی المذہب

منکر سنت ہونا ثابت نہین ہوتا ہے چنانچہ اگر بدعتی اور ضال اور غیر مقبول الشہادۃ ہوا ور روایت فتاوی
ثابت ہے جو منکر سنیۃ تراویح مبتدع اور ضال اور غیر مقبول الشہادۃ لکھا ہے سو وہ مضر ہمکو نہین ہے
وجہ یہ ہے اول لکھنا اوسکا بنسبت منکر ہیئت کے ہے نہ بنسبت منکر سنۃ موکدہ ہونے کے دوسرے
لکھنا اوسکا بنسبت منکر سنیۃ نفس تراویح کے ہے نہ بنسبت منکر سنیۃ بیس رکعت تراویح کے **قولہ** ص۹
اور جو شخص اسکو سنت عمری کہتا ہے بنسبت اوسکے طحطاوی مین یہ لکھا ہے الخ **اقول** بزازیہ
مین سنت عمری کہنیوالیکا جو کفر بسبب استخفاف کے مرقوم تھا طحطاوی نے اوسکا رد حموی سے
سے نقل کیا ہے چنانچہ کہا ہے حموی نے کہ اسمین نظر ہے اسلیے کہ کتب متداولہ مین مسطور ہے
کہ تراویح سنت عمری ہے اور دعوی استخفاف کا ممنوع ہے **قولہ** ص۱۰ اور اسی بیس رکعت
پر استقرار ہوا ہے آٹھ اور چھتیس رکعت پڑھنے بعد استقرار کے کسی سے روایت نہین کی **اقول**
مراد استقرار سے بیس رکعت پر اگر جائز ٹھیرانا بیس رکعت کا ہے تو وہ منافی سنیت آٹھ رکعت کی
نہین ہے اور اگر نا جائز ٹھیرانا سواے بیس رکعت کا ہے تو دعوی استقرار باطل ہونے اصل سے
امام مالک کے نزدیک تراویح کے چھتیس رکعت ہین اور امام احمد کے نزدیک مخیر ہے درمیان بیس اور
گیارہ کے اور عہد عمر بن العزیز مین بعض سلف گیارہ رکعت پڑھتے تھے اور زمان خلافت حضرت عمرؓ
مین جیسا امر حضرت عمر بیس رکعت پڑھنے کا تھا تھین ویسے ہی گیارہ رکعت بھی پڑھی جاتی تھین ایسا
استقرار کسی عہد مین باسناد صحیح پایا نہین جاتا ہے **قولہ** ص۱۰ ضعف راوی سے اصل حدیث کا باطل
ہونا لازم نہین ہوتی لیکن قابل عمل کے ہوتی ہے **اقول** اول محل نزاع عمل نہین ہے
بلکہ ثابت ہونا سنیۃ بیس رکعت تراویح کا ہے اس بنا سے کہ بیس رکعت تراویح آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم سے پڑھی ہین **دوسری** قابل عمل ہونا حدیث ضعیف کا بھی متفق علیہ علما نہین ہے جیسا
کہ تدریب سیوطی سے ظاہر ہے **تیسری** عمل حدیث ضعیف پر مشروط ہے ساتھ تین شرطون
کے پہلی شرط یہ ہے کہ ضعف اوس حدیث کا شدید نہو اور شدت ضعف خالی نہو یا جملہ طرق اوس حدیث
کے سے کوئی راوی کاذب یا متہم بالکذب ہے اور دوسری شرط داخل ہونا اوس عمل کا ہے تحت مین

بعمل تمام کے اور تیسری شرط اعتقاد نکیا جانا سنیت اس عمل کا ہے ساتھ اس حدیث کے سو شرط
اول مفقود ہے اسمین یقین مفقود ہے اسلیے کہ کوئی طریق اس حدیث کے طرق مین سے عثمان
بن ابراہیم راوی مکذب سے خالی نہین ہے اور فقدان شرط ثالث بھی اسی جہت سے ہے
کہ لوگ بموجب اس حدیث کے بیس رکعت کو سنت جانکے پڑھتے ہین در مختار مین ہے

شرط العمل بالحدیث الضعیف عدم شدة ضعفه وان یدخل تحت اصل عام وان لا یعتقد سنیة ذلک الحدیث
اور **طحطاوی** نے حاشیہ **در مختار** مین لکھا ہے شدید الضعف ہو الذی لا یخلو طریق من طرقہ
عن کذاب او متہم بالکذب **قولہ** صفحہ ۱۰ اور حضرت عثمان اور حضرت علی اور دیگر صحابہ کرام نے ہمیر اتفاق
او معمول اپنا فرمایا **اقول** حضرت عثمان اور حضرت علی رضی اللہ عنہما سے بیس رکعت تراویح کو
معمول اپنا فرمانا کسی روایت صحیحہ سے ثابت نہین ہے اور اتفاق سے صحابہ کے جو بیس رکعت پر
سنت موکدہ ہونا بیس رکعت کا ثابت نہین ہوا ہے **قولہ** صفحہ ۱۱ اس عبارت فتح القدیر پر غور
فرمائی کہ اس سے ثبوت استقرار بیس رکعت تراویح سنت ہونیکا بسبب مداومت محمد صلعم اور ترک ہونا
آٹھ رکعت جو پہلے متروک [illegible] ہوا ہے الخ **اقول** اس عبارت فتح القدیر مین سنت ہے
نہ بیس رکعت کا بسبب مواظبت خلفا سے حضرت کے کہان ذکر ہے ان استقرار بیس رکعت اور بیس
بیہقی سے منقول ہے سو بقول عبارت خلاصہ نووی اسکے ضعف کے طرف اشارہ کیا ہے
چنانچہ نووی نے خلاصہ مین قول بیہقی کو بصیغہ تمریض بیان کیا ہے اور کیونکر قول بیہقی ضعیف
نہوگا اسناد معتبر سے استقرار بیس رکعت پر ساتھ متروک ہو جانے اور اعداد کے ہرگز ثابت نہین ہوا ہے
اور جبکہ صاحب فتح القدیر نے آٹھ رکعت کا مسنون ہونا اور بارہ رکعت کا مستحب ہونا موافق مقتضائے
دلیل اور مطابق اصول حنفیہ بیان کیا تو اس سے خود ثابت ہوگیا کہ بطور ادائے سنت موکدہ آٹھ رکعت
پڑھنا اور بطور ادائے مستحب بیس رکعت پڑھنا حنفی المذہب کو جائز ہے اور جواب مقتضائی دلیل کا
باصواب ہونا صرف لکھدینے صاحب رد المحتار سے نہین ہوتا ہے اور حدیث سننت لکم سے سنت
موکدہ ہونا قیام رمضان کا ثابت نہین ہوتا ہے اور بمقابلہ فرض ہے جیسے سنت موکدہ آتی ہے سنت

غیر مؤکدہ بھی آتی ہے جیسے حدیث ابی ہریرہ کان رسول اللہ صلعم یرغب فی قیام رمضان من غیر ان یامرہم
فیہ بعزیمۃ ہے جو صحیح مسلم میں ہے سنت غیر مؤکدہ ہونا قیام کا سمجھا جاتا ہے اسلیے کہ ابو ہریرہ کہتے
ہیں کہ تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم رغبت دلاتے ستے قیام رمضان میں بدون اسکے کہ حکم
فرماتے آپ انکو اوسمیں ساتھ عزیمت کے اور مولوی عبد الحق صاحب نے نور الانوار اور منار
اوسکے متن میں لکھا ہوگا کہ سنت مؤکدہ جملہ اقسام عزیمت سے ہے اور بالفرض اگر سنت مؤکدہ ہونا قیام
رمضان کا بموجب حدیث مذکور کے فرض کیا جاوے تو بیس رکعت تراویح کا سنت مؤکدہ ہونا جو
محل نزاع ہے کسی حدیث سے ثابت نہیں ہوسکتا ہے **قولہ** صـ۱۱ اور حضرت مؤلف کیون
نہ اسکو غیر مؤکدہ و نفل کہیں کہ انکو اس قاعدہ کی خبر نہیں ہے فی رد المحتار المیں کل نافلۃ فان
کل صلوۃ لم تطلب جماعتہا فلم تکن سنۃ بخلاف ما طلب جماعتہا کصلوۃ اللیل والضحی مثلا الخ **اقول**
مؤلف بیچارہ تو اس قاعدہ سے لیکے زعم میں بے خبر تھا لیکن آپ اس قاعدہ سے باخبر ہوکر کیون
اس سے بے خبر ہوگئے کہ تراویح کے لیے سنت ہونے سے جیسے صلوۃ اللیل اور صلوۃ ضحی ا
ہو آپ کا دعوی ثابت نہیں ہوتا ہے جب تک کہ بیس رکعت تراویح کا سنت مؤکدہ ہونا ثابت نہووے مؤلف
تو خود قائل اسکا ہے کہ حکم تراویح حکم صلوۃ اللیل ہے اگر صلوۃ اللیل سنت مؤکدہ ہے تو
تراویح بھی سنت مؤکدہ ہے اور اگر صلوۃ اللیل سنت غیر مؤکدہ ہے تو تراویح بھی سنت غیر
مؤکدہ ہے باقی بیس رکعت کا سنت مؤکدہ ہونا اسطرح سے ثابت نہیں ہوتا ہے اور اختلاف
فرضیت اور عدم فرضیت تہجد میں منافی اسکے نہیں ہے کہ جمہور کے نزدیک فرضیت تہجد سے
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر اور عام ہونا صلوۃ اللیل اور قیام لیل کا تہجد سے باعتبار معنی
لغوی کے ہے ورنہ عرف میں متبادر صلوۃ اللیل اور قیام اللیل سے تہجد ہی ہے **قولہ**
صـ۱۲ حضرت مؤلف کے تحقیق میں بہ نسبت تراویح کے فعل خلفاے ثلثہ مستحب یعنی
سنت غیر مؤکدہ ہے الخ **اقول** جواب اسکا اوپر کے بیان سے معلوم ہوچکا ہے اور جیسے
اسا سنت اور لازم ہونا ترک نفس تراویح کا بھی مختلف فیہ ہے درمیان حنفیہ کے سید شمس الائمہ حلوانی

نے شرح خلاصہ کیدانی میں لکھا ہے وفی المضمرات لو ترکہا قبل یاثم اثما یسیرا قیل لا یاثم انتہی **قولہ**
صـ۱۲ حضرت عمر کے پاس یہ ثبت پہنچنے بیس رکعت نماز تراویح سنت ہے کیا ثبت تھی **اقول** علاوہ
کچھ معلوم نہیں کہ کیا اصل تھی گمان غالب ہے کہ تعیین عدد رکعات اس قبیل سے نہیں ہے کہ اوس میں
اور عقل ہو لہذا حضرت عمر کے پاس شاید اسکے لیے کوئی سند قول یا تقریر آنحضرت سے ہوگی کہ تہجد
رمضان میں بیس رکعت باجماعت پڑھا جاتا ہے اور جبکہ تراویح تہجد رمضان تھی پس مواظبت نماز تہجد
پر مستلزم ہے مواظبت کو تراویح پر اور علی ہذا القیاس مواظبت حکمیہ ــ اٹھہ رکعت نماز تہجد پر
مستلزم ہے مواظبت حکمیہ کو اٹھہ رکعت تراویح پر **قولہ** صـ۱۲ مذہب حنفیہ میں نفس تراویح علی الاعیان
یعنی ہر مرد پر سنت موکدہ ہے **اقول** ان حنفیہ کی نزدیک نماز تہجد سنت موکدہ ہی اونکے
نزدیک نفس تراویح و بیس رکعت تراویح بھی سنت موکدہ ہی اور جن حنفیہ کے نزدیک نماز تہجد سنت
غیر موکدہ ہے اونکے نزدیک نفس تراویح بھی سنت غیر موکدہ ہے **قولہ** صـ۱۲ اور یہ کہنی
کہا ہے کہ نماز تراویح باجماعت سنت علی الاعیان ہے کہ اوسپر اعتراض فرماتے ہیں الخ **اقول**
مطلب فہمی جناب والا معلوم شد یہ اعتراض جماعت کی سنت علی الاعیان کہنے والوں پر نہیں ہے
بلکہ رد ہے اوپر جو بیس رکعت تراویح پر مواظبت حکمیہ آنحضرت کے بسبب عدم ترک کے بیان
کرکے بیس رکعت کو سنت موکدہ کہتے ہیں اس تقریر سے کہ آنحضرت نے عدم ترک مواظبت
نفس تراویح سے نہیں فرمایا ہے بلکہ ترک مواظبت جماعت تراویح سے عذر فرمایا ہے پس مواظبت
حکمیہ جماعت تراویح کی متحقق ہے نہ بیس رکعت تراویح کے کہ پڑھنا ہی بیس رکعت کا آنحضرت
سے ثابت نہیں ہوا ہے پس جبکہ جماعت نماز تراویح سنت موکدہ علی الاعیان نہ ہو سکے کہ جسپر
مواظبت حکمیہ متحقق ہے تو بیس رکعت کہ جسپر مواظبت اصلا متحقق نہیں ہو کیونکر سنت موکدہ
علی الاعیان ہو سکتی ہیں اور عدم تفریح آنحضرت سے بہ نسبت ترک نفس تراویح کے سنت
موکدہ ہونا نفس تراویح کا کیونکر لازم آتا ہے اور نسبت تسلیم مواظبت حکمیہ نماز تراویح طرف آنحضرت
کی افترا ہی اور اس حسن ظن سے کہ بیس رکعت کی کوئی سند قول یا تقریر آنحضرت سے حضرت عمر

کے پاس ہو کی مواظبت حکمیہ آنحضرت بیس رکعت پر ثابت نہین ہو سکتی ہے **قولہ** ص۱۸ جماعت نماز
تراویح کی سنت موکدہ علی الاعیان کسی نے نہین لکھا ہے **اقول** عبارت کنز سے جماعت نماز
تراویح کا سنت الاعیان ہونا ظاہر ہے اور یہی قول مرغینانی کا ہے **نہر الفائق** مین مسطور ہے
وہو ظاہر فی انہا علی الاعیان وہو قول المرغینانی انتہی **قولہ** ص۱۹ ہو رامام نووی نے جو مستحب
لکھا ہے اوس مستحب سے مراد یہ ہے کہ جمع ہونا آدمیون کا واسطے ادائے نماز تراویح کے بجماعت
مستحب ہی **اقول** حمل کلام خلاف ظاہر متبادر مخالف مراد قائل یہ رجماً بالغیب ہرگز جائز نہین ہے
اور کچہ اس حمل کی ضرورت نہین ہے بلکہ خلاف اسکا ضروری ہے کہ استحباب اس اجماع کا مجمع علیہ نہین ہے
اور صحت اطلاق مستحب سے سنت پر اور سنت سے مستحب پر لازم نہین آتا ہی کہ محل نزاع مین بھی
مراد مستحب سے سنت موکدہ ہو بلکہ لازم یہ ہے کہ استحباب بمعنی خود ہے اسلیے کہ اتفاق سنت موکدہ
ہونے تراویح پر ہرگز درست نہین آتا ہی بلکہ جہان بیس رکعت تراویح کا سنت ہونا مفہوم ہو وہان سنت کو
محمول کرنا سنت غیر موکدہ پر چاہئیے اور فعل خلفای راشدین سنت موکدہ نہین ہو سکتا ہے جیساکہ اصل اول
مین معلوم ہوا **قولہ** ص۲۰ صاحب نفحات رشیدی رای اپنی بہ نسبت پڑہنے گیارہ رکعت نماز مع وتر
کے رمضان مین لکھتا ہے اور عمل صدر اول خلاف اوسکے تسلیم کرتا ہے مگر یہ نہین لکھتا کہ اسپر فتوی
ہے الخ **اقول** صاحب نفحات رشیدی نے جب کہ رائے اپنی بہ نسبت پڑہنے گیارہ رکعت
کے بوجہ حصول اقتدای آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ لائق تر ہے بہ نسبت اقتدای غیر کے لکھے
تو یہ فتوی دینا گیارہ رکعت پڑہنے کا نہین ہوا اور کیا ہوا اور عمل صدر اول کہ داخل اوس مین خلفای راشدین
بھی ہین چہتیس رکعت پر تسلیم کرتا ہے اگر اس سے عمل صدر اول گیارہ رکعت پر ہونا لازم آتا ہی تو بیس رکعت
پر بھی ہونا لازم ہے اور سند عدم اقتدا کی بیس رکعت مین احسن ہونا اقتدا کا ہی گیارہ رکعت مین بسبب اسکی
کہ گیارہ رکعت فعل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہے بخلاف بیس رکعت کے کہ فعل آنحضرت صلعم سے ثابت
نہین ہین اور پڑہنا گیارہ کا جو فعل آنحضرت صلعم سے اور فعل صحابہ سے تا عہد خلافت حضرت عمر رض ثابت
ہے اوسکے عدم اقتدا کے پاس مولوی عبدالرحمن صاحب اور اونکے ہم مذہبون کی کیا سند ہے اور

وسط زمان خلافت حضرت عمر مین یا اونکے بعد کے زمانہ مین کون سی وحی آئی اور وہ وحی کس پر نازل ہوئی جس سے فسخ گیارہ رکعت کا ہوا اور کوئی کتاب بسبب کم علمی مولوی عبد الرحمان صاحب کے غیر مشہور نہین ہو سکتی ہے اور اجتہاد مجتہد اگر بزعم مولوی عبد الرحمان صاحب خلاف متون اور کتب مشہورہ ہو تو کیا مضایقہ ہے اور وجوب تقلید صحابی بمقابلہ قیاس غیر صحابی ہے نہ بمقابلہ فعل حضرت رسالت علیہ الصلوۃ والتحیۃ کہ تقلید آنحضرت ادون نہین ہے تقلید صحابی سے اور معنہ تقلید صحابی کی قربات مین یہ معنی ہین کہ جس صفت کا اون مین اعتقاد صحابی ہو اوسی صفت کا اعتقاد رکھنا واجب ہے اور بیس رکعت پڑھوانی حضرت عمر رض سے صرف جواز اور استحباب اسکا اونکے نزدیک پایا جاتا ہے پس وجوب تقلید صحابی سے اعتقاد استحباب بیس رکعت لازم آتا ہے اور بس **قولہ** صـ۲۲ اور قول صاحب نفحات رشیدی خلاف تصحیح قاضی خان کی ہی الخ **اقول** نفحات رشیدی مین سنت موکدہ ہونے تراویح کی بحث نہین ہے اور نہ قاضی خان نے تراویح کو سنت کہا ہے نہ اوسکے اوس مقدار کو جو حنفیہ اور شافعیہ کے نزدیک مستحب ہے اور بیس رکعت کا بعد آنحضرت کے ثابت ہونا بیان کیا ہے سو بنا اوسکی روایت ضعیفہ ابن عباس کے ہے اور اس روایت کا مشہور ہونا مراد قاضی خان کے نہین ہے بلکہ مقصود اوسکا شہرت ثبوت اس عمل کی ہے صحابہ اور تابعین سے خود قاضی خان نے چھتیس رکعت پڑھنکو نزدیک حنفیہ کے مستحب لکھا ہے لیکن جماعت چھتیس رکعت سے منع کیا ہے جس عبارت قاضی خان مین یہ بیان تھا اوسکو مولوی عبد الرحمان صاحب نے چھوڑ دیا ہے نقل نہین فرمایا سو وہ عبارت قاضی خان کے یہ ہے فان صلوا الجماعة ستا وثلثین کما قال مالک لا بأس به عند الشافعی وعندنا ان صلوا بالجماعة عشرین رکعة وما زاد علی ذلک الی ست وثلثین فرادی فرادی فهو مستحب انتہی **قولہ** صـ۲۴ یہ نسبت تصحیح قاضی خان کی کتاب مجموعے مین یہ لکہا ہے الخ **اقول** عجب ہی مولوی عبد الرحمان صاحب سے کہ قول ابن ہمام در باب مستحب ہونے بیس رکعت تراویح کے اور مسنون ہونے اٹھ رکعت تراویح کے تسلیم نہین فرماتے ہین اور کلام علامہ قاسم شاگرد ابن ہمام سے تقدیم تصحیح قاضی خان مین سند پکڑتے ہین **قولہ** صـ۲۵ اب حضرت مولف کو لازم ہی الخ **اقول** قول مین انکی فقیہ النفس کے سنت موکدہ ہونا بیس رکعت کا نہین ہے اور نہ بیس رکعت کا سنت موکدہ ہونا

قول جمہور فقہا اور اہل متون کا اور آپ جنکو فقہا زعم فرماتے ہین اونکی تلقی بالقبول کرنا اوسکا حدیث ابن عباس
کو بیان کرتے ہین درحقیقت وہ فقہا نہین ہین اور نہ مہارت حدیث کی اونکو تہی تاکہ تلقی بالقبول کرنا اونکا
کسی حدیث کو معتدبہ ہو **قولہ** صـ۲۶ فعل وعمل و دوام و استقرار خلفای راشدین حضرت عمرؓ و حضرت عثمانؓ
وحضرت علیؓ بیس رکعت پر واقع ہوا اور اتفاق اور اجماع دیگر صحابہ کرام بہی اسی پر ہے الخ **اقول** فعل
وعمل خلفای راشدین بیس رکعت پر ہمین ثابت نہین ہے اور امر حضرت عمرؓ واسطے پڑہانے بیس رکعت
کے بنا بر امر کے واسطے پڑہانے گیارہ رکعت کے مسلم ہے لیکن اوس سے سنت موکدہ ہونا بیس رکعت
اور ناروا ہوجانا گیارہ رکعت کا لازم نہین آتا ہے اور اتفاق اور اجماع دیگر صحابہ اگر جواز بیس رکعت پر فرض
کیا جاے تو اوس سے بہی ناجائز ہونا گیارہ رکعت کا اور سنت موکدہ ہونا بیس رکعت کا ثابت نہین ہوتا ہے اور
منتہی الارادات کے مصنف کا حال معلوم نہین ہے کہ روایت اوسکی قابل اعتبار ہے یا نہین مصنفا
سے معلوم ہوچکا ہے کہ مذہب امام احمد تخییر ہی درمیان تئیس اور گیارہ کے اور **زعفرانی**
نے **شرح صحیح البخاری** مین امام شافعی سے روایت کیا ہے کہ فرمایا امام شافعی نے
